بینک دولت پاکستان
شعبۂ مالیات
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی–74000

ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 08 برائے 2018ء 04 اکتوبر 2018ء

چیف ایگزیکٹوز / صدور
تمام کمرشل بینک اور خردمالکاری بینک

محترم / محترمہ،

آئینی درخواست نمبر 57 برائے 2016ء–دیامر بھاشا اور مہمند ڈیم فنڈ

براہِ مہربانی رجوع کیجیے اسٹیٹ بینک ایف ڈی سرکلر نمبر 07، بتاریخ 7 ستمبر 2018ء برائے "وزیراعظم اور چیف جسٹس آف پاکستان فنڈ، دیامر اور بھاشا مہمند فنڈ"۔

اس حوالے سے عزت مآب عدالتِ عظمیٰ، پاکستان نے آئینی درخواست نمبر 57 برائے 2016ء کے بارے میں اپنے حکم نامے میں منجملہ دیگر ہدایات کہا ہے کہ دیامر بھاشا اور مہمند ڈیم فنڈ کے اکاؤنٹ کا عنوان تبدیل کر کے "عدالتِ عظمیٰ پاکستان اور وزیراعظم پاکستان دیامر بھاشا اور مہمند ڈیم فنڈ" کر دیا جائے۔

چنانچہ، تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ عدالتِ عظمیٰ پاکستان کے مذکورہ بالا حکم کے مطابق اپنے فنڈ اکاؤنٹ کا نام تبدیل کر دیں۔

براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمایئے۔

منسلکات: عدالتِ عظمیٰ کا حکم نامہ

آپ کا مخلص

(محمد علی ساریو)
سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر